Australian Government
Department of Social Services

DSS3243.01.24

# معلوماتی پرچہ - معذوروں کے لیے خدمات اور معذوروں کی شمولیت کے ایکٹ 2023 (Disability Services and Inclusion Act 2023) کا مختصر تعارف

معذوروں کے لیے خدمات اور معذوروں کی شمولیت کا ایکٹ 2023 (DSI ایکٹ) 1 جنوری 2024 سے عمل میں آیا۔ اس ایکٹ نے معذوری کی خدمات کے ایکٹ 1986 (Disability Services Act, DSA) کو منسوخ کیا اور اس کی جگہ لی۔ تیس سال سے زیادہ عرصے سے DSA میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں ہوئی تھی۔ گورنمنٹ نے عوامی مشاورت کے دو ادوار کے بعد DSI ایکٹ بنایا۔ اس مشاورت میں نمائندہ تنظیمیں، سروس پرووائیڈرز اور معذور لوگ شامل تھے۔

DSI ایکٹ کا ہدف یہ ہے کہ:

- کامن ویلتھ گورنمنٹ کے لیے ایک واضح قانونی بنیاد مہیا ہو تاکہ معذوروں کی ایسی مدد اور خدمات کے لیے فنڈنگ جاری رہے جو نیشنل ڈس ایبیلٹی انشورنس سکیم (NDIS) سے الگ ہیں۔
- اس قانون کے تحت منظور شدہ مدد اور خدمات کا معیار اور تحفظ کے تقاضے بہتر بنائے جائیں
- معذور افراد کے حقوق کے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشن (CRPD) اور دیگر بین الاقوامی ذمہ داریوں پر عمل کیا جائے

DSI دیگر ملکی قوانین کے ساتھ مل کر قانون کی تکمیل کرتا ہے جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- معذوری کے سبب امتیازی سلوک کا ایکٹ 1992
- سوشل سیکیورٹی ایکٹ 1991
- نیشنل ڈس ایبیلٹی انشورنس سکیم ایکٹ 2013
- آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن ایکٹ 1986

DSI ایکٹ ’معذوری‘ کی تعریف نہیں کرتا۔ یہ ایکٹ مدد اور خدمات کو ایک مخصوص ٹارگٹ گروپ تک محدود نہیں کرتا۔ یہ مخصوص گروہوں یا آبادی کے مخصوص حصوں کے لیے پروگراموں کی فنڈنگ میں رکاوٹ نہیں بنتا۔

## اہل سرگرمیاں

DSI ایکٹ بہت سی مختلف سرگرمیوں کے لیے فنڈنگ دینے کا اختیار دلاتا ہے۔ ایکٹ میں انہیں اہل سرگرمیاں کہا جاتا ہے۔ DSI ایکٹ کے تحت مندرجہ ذیل سرگرمیاں اہل سرگرمیاں ہیں:

- معلومات
- تفریح
- ریسپائٹ کیئر (کیئرر کو وقفہ دلانے کے لیے وقتی نگہداشتی انتظام)
- تحقیق اور جائزہ
- کیئررز
- کمیونٹی میں شمولیت
- کاؤنسلنگ (ماہرانہ رہنمائی)
- تعلیم
- روزگار
- خودمختار زندگی گزارنا
- معذور افراد کا مختلف مقامات تک پہنچ پانا
- رہائش
- ایڈووکیسی (حمایت میں آواز اٹھانا)
- افراد کو قابلیت دلانا

## فنڈنگ کے لیے قانونی شرائط

DSI ایکٹ میں فنڈنگ کے لیے کچھ قانونی شرائط موجود ہیں۔ یہ وہ اصول ہیں جن پر فنڈنگ لینے کے لیے تمام سروس پرووائیڈرز کو عمل کرنا پڑتا ہے۔ یہ تقاضے سروس پرووائیڈرز اور معذور لوگوں سے رکھی جانے والی واضح توقعات طے کرتے ہیں۔ لہذا جب سروس پرووائیڈرز ان تقاضوں کو پورا کرنے سے قاصر ہوں تو یہ دیکھنا آسان ہوتا ہے۔ فنڈنگ کے لیے ان شرائط کا مقصد کم از کم ریگولیٹری بوجھ اور تحفظ میں توازن رکھنا ہے۔ یہ تقاضے مندرجہ ذیل ہیں:

- طرز عمل کے ضابطے کی تعمیل
- تعمیل کا سرٹیفکیٹ رکھنا، اگر انتظام یا گرانٹ ایک ریگولیٹڈ سرگرمی ہو
- شکایات پر کام کا مناسب نظام عمل میں لانا اور برقرار رکھنا
- تشویشناک واقعات کی مینیجمنٹ کا مناسب نظام عمل میں لانا اور برقرار رکھنا
- NDIS کی طرف سے حکم امتناع کے تحت نہ ہونا

## ایکٹ کو سہارا دینے والی قانونی تدابیر

DSI ایکٹ منسٹر یا سیکریٹری کے لیے DSI ایکٹ کے تحت پانچ قانونی دستاویزات تشکیل دینا ممکن بناتا ہے۔ یہ قانونی دستاویزات مندرجہ ذیل ہیں۔

**طرز عمل کے ضابطے کی دستاویز:**

- طرز عمل کا ضابطہ NDIS کے طرز عمل کے ضابطے کے مطابق ہے۔ یہ خدمات کی محفوظ اور اخلاقیاتی طریقے سے فراہمی کے متعلق توقعات طے کرتا ہے۔

**ریگولیٹڈ سرگرمیوں کی دستاویز:**

- DSI ایکٹ کے تحت فنڈنگ پانے والی بعض سرگرمیوں سے زیادہ خطرہ وابستہ ہو سکتا ہے۔ ان سرگرمیوں کے لیے اضافی ریگولیشن اطلاق پا سکتی ہے اور انہیں 'ریگولیٹڈ سرگرمیاں' کہا جاتا ہے۔ یہ دستاویز بعض شرائط بیان کرتی ہے جن سے طے ہوتا ہے کہ آیا ایک سرگرمی ریگولیٹڈ سرگرمی ہے۔

**تعمیل کے معیارات اور متبادل تعمیل کے تقاضوں کی دستاویز:**

- یہ دستاویز وہ معیار بیان کرتی ہے جو ریگولیٹڈ سرگرمیوں کے لیے پورے کرنا لازمی ہے۔ ڈیفالٹ (عمومی) معیارات نیشنل سٹینڈرڈز فار ڈس ایبیلٹی سروسز ہیں۔ یہ دستاویز وہ متبادل تعمیل کے تقاضے بھی طے کرتی ہے جن کی منظوری دی جا سکتی ہے۔

**شکایات اور تشویشناک واقعات کی مینیجمنٹ کی دستاویز:**

- یہ دستاویز شکایات پر کارروائی اور واقعات کی رپورٹنگ کے اصول طے کرتی ہے۔ اس میں رپورٹنگ کے لیے مقررہ وقت اور وہ معلومات بھی شامل ہیں جو اکٹھی کی جانی چاہیئں۔

**معلومات کے انکشاف کی دستاویز:**

- یہ دستاویز ان مقاصد کا تعین کرے گی جن کے لیے متعلقہ معلومات استعمال یا منکشف کی جا سکتی ہیں۔

## مزید معلومات

براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے www.dss.gov.au/dsi-act دیکھیں۔